Phone No.044-2880122
Fax No. 044-2881732
okaracantonment@gmail.com

No. 21/Genl/Advt/OK/40
Office of the Cantonment Board,
Okara Cantt.
06th July, 2022.

To

Mr. Rizwan Mehmood, (Asst Director-II)
Public Procurement Regulatory Authority,
1st Floor FBC Building Near State Bank,
Sector G-5/2, Islamabad-Pakistan.

Subject: - **PUBLICATION OF NOTICE.**

Please arrange to publish the attached notice on your website on or before 08th July, 2022 under intimation to this office and furnish bill for payment.

Cantonment Executive Officer
Okara Cantt

**Copy to:-**

Accountant. - For necessary action.

# کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ چھاؤنی

## شرائط نیلام منڈی مویشیاں اوکاڑہ چھاؤنی

ہر خاص و عام خصوصاً منڈی مویشیاں کا کاروبار کرنے والے حضرات کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ چھاؤنی وفاقی حکومت کے نوٹیفیکشن / بائی لاز SRO-542(I)/88 مورخہ 27 جون 1988 کے تحت منڈی مویشیاں کا ٹھیکہ (حدود ضلع ساہیوال) عرصہ تین سال کے لئے مورخہ 26 جولائی 2022 کو بوقت 1100 بجے دن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ میں نیلام عام کرے گا۔ بولی نہ ہونے یا کم آنے کی صورت میں دوبارہ بولی مورخہ 27 جولائی 2022 اور سہ بار بولی 28 جولائی 2022 کو ہو گی۔ نیلامی کی شرائط درج ذیل ہیں۔

| | |
|---|---|
| خواہش مند بولی دہندگان کو بولی میں حصہ لینے سے قبل مبلغ 50 لاکھ روپے زربیعانہ کسی شیڈولڈ بنک سے کال ڈیپازٹ کی صورت میں بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر اوکاڑہ چھاؤنی ہمراہ کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی کے جمع کروانا ہوگا۔ جو نیلامی کے اختتام پر ماسوائے کامیاب بولی دہندہ اور سیکنڈ ہائیسٹ بڈر قابل واپسی ہوں گے۔ | 1 |
| کامیاب بولی دہندہ کو اپنی کل بولی کی چار ماہ کی اقساط علاوہ زربیعانہ بطور ضمانت بولی کے اختتام پر فوراً دفتر ہذا میں جمع کروانا ہوں گی۔ جو کہ تا اختتام ٹھیکہ دفتر ہذا میں بطور سیکیورٹی جمع رہے گا۔ سب سے زیادہ بولی دہندہ چار ماہ کی اقساط موقع پر جمع نہیں کرواتا تو اسکا پہلے سے جمع شدہ زربیعانہ بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہو گا۔ | 2 |
| کامیاب بولی دہندہ کو گورنمنٹ پالیسی کے مطابق انکم ٹیکس جمع کروانا ہو گا۔ | 3 |
| کامیاب بولی دہندہ کو بولی منظور ہونے کی اطلاع موصول ہونے کے 03 یوم (ورکنگ ڈیز) کے اندر اپنے خرچہ پر کنٹونمنٹ بورڈ کے ساتھ ایگریمنٹ کرنا ہو گا۔ | 4 |
| اگر کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار کسی بھی ایک ماہ کنٹونمنٹ بورڈ اوکاڑہ کی منظوری کے بغیر منڈی مویشیاں لگانے میں ناکام ہوتا ہے تو اسکا ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائے گا۔ اور سیکیورٹی بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائے گی۔ | 5 |
| کامیاب بولی دہندہ منظوری کی اطلاع موصول ہونے پر منڈی لگانے / قبضہ لینے کا پابند ہو گا۔ | 6 |
| کیٹل منڈی کی بولی (بڈ) فی سال کے حساب سے ہو گی اور عرصہ مدت معاہدہ ٹھیکہ تین سال کے لئے ہو گا۔ دوسرے اور تیسرے سال کے ٹھیکہ میں سالانہ 01% فیصد اضافہ کیا جائے گا۔ | 7 |
| ٹھیکیدار ہر ماہ ایڈوانس قسط اور ریونیو برانچ سٹاف (تین ملازمین) کی تنخواہ بمعہ الاؤنس ہر ماہ کی 08 تاریخ تک دفتر کنٹونمنٹ بورڈ سے بنک چالان حاصل کر کے جمع کرانے کا پابند ہو گا۔ | 8 |
| اگر مہینے کی 10 تاریخ تک ٹھیکیدار قسط ادا کرنے میں ناکام رہتا ہے تو مہینے کی 15 تاریخ تک ادائیگی نہ ہونے کی صورت میں یومیہ مبلغ پچاس ہزار (50,000) روپے جرمانہ وصول کیا جائے گا۔ مہینے کی 15 تاریخ تک عدم ادائیگی کی صورت میں تین دن کے نوٹس پر ٹھیکہ / معاہدہ منسوخ تصور ہو گا اور زرضمانت / سیکیورٹی بحق سرکار کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لیا جائے گا۔ | 9 |
| ٹھیکیدار منڈی مویشیاں نوٹیفکیشن / بائی لائز کے مطابق ہر ماہ میں چھ دن (دو تا سات تاریخ) منڈی لگانے کا پابند ہو گا۔ بورڈ کی منظوری سے منڈی لگانے کی تاریخوں میں کوئی بھی تبدیلی کرنے کا مجاز ہو گا۔ ٹھیکیدار اس پر عملدرآمد کرنے کا پابند ہو گا۔ | 10 |
| کیٹل منڈی کے انعقاد کے لئے زمین کا انتظام کنٹونمنٹ بورڈ کرے گا۔ ٹھیکیدار کینٹ بورڈ کی مقرر کردہ زمین پر منڈی لگانے کا پابند ہو گا۔ تاہم کامیاب بولی دہندہ اگر مزید زمین کا بندوبست کرے گا تو بھی بذریعہ کینٹ بورڈ ہو گا۔ | 11 |
| منڈی کے انعقاد کے لئے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ انعقاد کی جگہ پر کسی قسم کی بھی سہولت نہیں پہنچائے گا۔ تمام انتظامات و دیگر ضروری سہولیات مثلاً پانی، بجلی، چارہ و | 12 |

| | | |
|---|---|---|
| | | سایہ کی فراہمی وگلہداشت اور ٹرک پارکنگ بمطابق لے آؤٹ پلان بذریعہ ٹھیکیدار منڈی مویشیاں ہو گی۔ کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر یا اسکی طرف سے مقرر کردہ کمیٹی ممبران کنٹونمنٹ بورڈ کو اختیار ہو گا کہ وہ منڈی مویشیاں میں داخل ہو کر انتظامات / سہولیات کا جائزہ لے سکے۔ بد انتظامی اور سہولیات کی عدم دستیابی معاہدہ / شرائط کی خلاف ورزی تصور ہو گی اور مناسب تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ |
| 13 | | ٹھیکیدار کیٹل منڈی درج ذیل ریٹ وصول کرے گا |
| | 1 | قیمت خرید پر پانچ پیسے فی روپیہ خریدار سے وصول کرے گا۔ |
| | 2 | دلالی فیس ایک روپیہ فی سینکڑہ کے حساب سے خریدار یا فروخت کنندہ باہمی رضامندی سے ادا کرے گا۔ |
| | 3 | رسید کی قیمت پچیس پیسے فی رسید خریدار یا فروخت کنندہ کی باہمی رضامندی سے وصول کی جائے گی۔ |
| 14 | | ٹھیکیدار قانون کے مطابق خریدار / فروخت کنندہ سے رقم وصول کرے گا۔ زائد رقم وصول کرنے پر کنٹونمنٹ بورڈ مبلغ ہزار روپیہ فی کس جرمانہ کرنے کا مجاز ہو گا۔ |
| 15 | | ٹھیکیدار کو کیٹل منڈی میں کسی وجہ (تہوار وغیرہ) سے نقصان ہوتا ہے تو کسی بھی صورت کنٹونمنٹ بورڈ سے رعائیت کا مستحق نہ ہو گا۔ |
| 16 | | ٹھیکیدار کیٹل منڈی کسی دوسرے شخص / پارٹی کو سب لیٹ نہ کرے گا۔ |
| 17 | | ٹھیکیدار منڈی مویشیاں میں استعمال ہونے والی کتابیں منظور شدہ فارم بائی لاز 5(اے) کے مطابق اپنے ہی خرچہ پر چھپوائے گا اور دفتر ہذا سے کتابیں / رسیدیں تصدیق کروائے گا۔ نیز استعمال شدہ رسید بکس ہر ماہ دفتر ہذا میں جمع کروانے کا پابند ہو گا۔ |
| 18 | | ٹھیکیدار منڈی مویشیاں میں جو ذاتی اسٹاف مقرر کرے گا اس کی منظوری دفتر ہذا سے لے گا۔ اور ان ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی کا خود ذمہ دار ہو گا۔ |
| 19 | | ٹھیکیدار کیٹل منڈی میں جو بھی اسٹال مثلاً کولڈ ڈرنکس، ہوٹل، ٹی سٹال، سگریٹ سٹال وغیرہ لے آؤٹ پلان کے تحت لگائے گا۔ اس کی اجازت کنٹونمنٹ بورڈ سے حاصل کرے گا اور کاروباری ٹیکس دفتر ہذا کو ادا کرنے کا پابند ہو گا۔ |
| 20 | | ٹھیکیدار کیٹل منڈی میں کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر کی اجازت کے بغیر لاؤڈ سپیکر استعمال نہیں کرے گا۔ |
| 21 | | مویشی لوڈینگ / ان لوڈینگ کی ذمہ داری ٹھیکیدار کی ہو گی۔ |
| 22 | | کوئی بھی فرد / افراد کیٹل منڈی سائیٹ کے علاوہ مویشی فروخت نہ کر سکے گا۔ اگر مویشی فروخت کرتا ہوا پایا گیا تو ٹھیکیدار ڈیفالٹر سے مبلغ 5000 روپے جرمانہ فی مویشی وصول کر سکے گا۔ |
| 23 | | کسی بھی جھگڑے کی صورت میں کیس ڈائریکٹر ملٹری لینڈز و کنٹونمنٹس ملتان ریجن کو بھجوایا جائے گا جو کہ بحیثیت ثالث ثالثی فیصلہ کریں گے اور فیصلہ دونوں پارٹیوں کو منظور ہو گا۔ اور اسے کسی بھی عدالت میں چیلنج نہ کیا جاسکے گا۔ |
| 24 | | کسی بھی شرائط کی خلاف ورزی کرنے پر زیر دستخطی / کنٹونمنٹ بورڈ کو یہ حق حاصل ہو گا کہ 07 یوم کے نوٹس پر معاہدہ نیلامی منسوخ کر دے اور زر ضمانت ضبط کر لیا جائے اور کیٹل منڈی پر قبضہ کر لیا جائے۔ |
| 25 | | کنٹونمنٹ بورڈ / زیر دستخطی یہ اختیار رکھتا ہے کہ وہ کوئی ایک یا تمام بولیاں بائی لائز و پیپر رولز کے تحت بغیر وجہ بتائے مسترد کر دے۔ |

**(IMRAN KHAN)**
Cantonment Executive Officer
Okara Cantt